Number of Pages in Booklet : 24 | Serial No. of Booklet **330082**

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 24 | पुस्तिका क्रमांक

Number of Questions in Booklet : 100

पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 100

# Admission Test For PG Course
# URATPG-2023
# URDU
## Subject Code : 33

Roll No. of Candidate/अभ्यार्थी का अनुक्रमांक : ..............................

OMR Serial Number/ओ.एम.आर. क्रमांक : ..............................

Signature of Candidate/अभ्यार्थी के हस्ताक्षर : ..............................

Date of Examination/परीक्षा तिथि : ..............................

Signature of Invigilator/ वीक्षक के हस्ताक्षर : ..............................

**Time/समय : Two hours/दो घण्टे** | **Maximum Marks/पूर्णांक : 100**

## INSTRUCTIONS

1. Answer all questions.
2. All questions carry equal marks.
3. In this booklet, the questions from serial no. 01 to serial no. 100 are subject specific.
4. Each question has four alternatives marked as (A), (B), (C), (D).
5. Choose only one alternative as an answer of a question.
6. If more than one answer is marked, then it will be treated as wrong answer.
7. Candidate has to darken only one circle indicating the correct answer on the **OMR**, sheets by using **BLUE / BLACK BALL POINT PEN.**
8. There is no provision of **Negative marking.**
9. Carrying Mobile phone in the examination hall is strictly prohibited. If any objectionable material is also found, then action will be taken as per University norms.
10. Please fill your Roll No. and other information carefully on OMR sheet. In case of any mistake on OMR sheet, candidate will be responsible.
11. If there is any difference between English and Hindi version of questions, the English version shall be correct.

## निर्देश

1. सभी प्रश्नों के उत्तर दीजिए।
2. सभी प्रश्नों के अंक समान है।
3. इस प्रश्न पुस्तिका में क्रमांक 1 से क्रमांक 100 तक के प्रश्न विषय से संबंधित हैं।
4. प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर है जिन्हें क्रमश: (A) , (B), (C), (D) से अंकित किया गया है।
5. प्रत्येक प्रश्न का केवल एक विकल्प उत्तर के रूप में चुनिये।
6. एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न का उत्तर गलत माना जायेगा।
7. अभ्यार्थी को सही उत्तर हेतु केवल एक गोले को ओ.एम. आर. शीट पर **नीले/काले बॉल प्वाइंट पेन** से गहरा करना है।
8. **नकारात्मक अंक** प्रदान करने का कोई प्रावधान नहीं है।
9. मोबाइल फोन का परीक्षा हॉल में लाना पूर्णतया निषिद्ध हैं। साथ ही कोई भी अन्य वर्जित सामग्र ी मिलने पर विश्वविद्यालय के नियामुनासार कार्यवाही होगी।
10. अभ्यार्थी अपने रोल नम्बर एवं अन्य जानकारियों ओ.एम. आर. शीट पर सावधानी से भरें। ओ.एम.आर. शीट पर कोई भी त्रुटि होने पर उसका पूर्ण दायित्व अभ्यार्थी का होगा।
11. यदि प्रश्न के हिन्दी और अंग्रेजी रूपान्तरणों के मध्य किसी प्रकार का फर्क पाया जाता है, तब अंग्रेजी रूपान्तरण को ही सही माना जायेगा।

1۔ ”اچھی کتاب“ مضمون لکھا ہے:

(A) ملاوجہی نے (B) غالب نے

(C) محمد حسین نے (D) عبدالحق نے

2۔ ”مظلوم کی فریاد“ مضمون کے مصنف ہیں:

(A) عبدالحق (B) فرحت اللہ بیگ

(C) راشد الخیر (D) آغا حشر کاشمیری

3۔ سجاد حیدر یلدرم کی تاریخ پیدائش ہے:

(A) 21 اپریل 1942 (B) 12 مئی 1942

(C) 21 جون 1943 (D) 12 اپریل 1942

4۔ ”لاہور کا جغرافیہ“ مضمون کس نے لکھا ہے:

(A) فرحت اللہ بیگ نے (B) پطرس بخاری نے

(C) شوکت تھانوی نے (D) رشید احمد صدیقی نے

5۔ معیارِ ادب میں شامل مندرجہ ذیل میں سے سرسید کا مضمون کون سا ہے:

(A) شاعری کیا ہے (B) سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ

(C) اپنی مدد آپ (D) بہادروں کے کارنامے

6۔ ”سب رس“ کس کی تصنیف ہے:

(A) سرسید احمد خاں کی (B) مرزا غالب کی

(C) ملا وجہی کی (D) نذیر احمد کی

7۔ محمد حسین آزاد کے مضمون ”سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ“ میں ”جھوٹ“ کا نام کیا ہے:

(A) دروغ دیو زاد (B) دروغ پری زاد

(C) دروغ آدم زاد (D) دروغ جن زاد

8۔ ”یادگار غالب“ کس کی تصنیف ہے:

(A) محمد حسین آزاد کی (B) شیخ محمد اکرام کی

(C) غلام رسول مہر کی (D) الطاف حسین حالی کی

9۔ ”کلیم دولت آباد میں“ نذیر احمد کے کس ناول سے ماخوذ ہے:

(A) توبتہ النصوح سے (B) ابن الوقت سے

(C) بنات النعش سے (D) مراۃ العروس سے

10۔ ”اردو لٹریچر کے عناصر خمسہ“ میں جن مصنفین کو شامل کیا گیا ہے ان میں سے مندرجہ ذیل میں سے کسے شامل کیا ہے:

(A) ابوالکلام آزاد کو (B) پریم چند کو

(C) الطاف حسین حالی کو (D) سجاد حیدر یلدرم کو

11۔ رشید احمد صدیقی کی تاریخ وفات ہے:

(A) 22 ستمبر 1992 (B) 15 جنوری 1977

(C) 15 اگست 1987 (D) 15 مارچ 1977

12۔ "معیارِ ادب" میں شامل مضمون "تنقید کے اصول" کس نے لکھا ہے:

(A) علامہ شبلی نے (B) الطاف حسین حالی نے

(C) آل احمد سرور نے (D) احتشام حسین نے

13۔ "نمک کا داروغہ" افسانہ لکھا ہے:

(A) کرشن چندر نے (B) پریم چند نے

(C) سعادت حسن منٹو نے (D) قرۃ العین حیدر نے

14۔ ابو الکلام آزاد کی تصنیف "غبارِ خاطر" مجموعہ ہے:

(A) افسانوں کا (B) انشائیوں کا

(C) مقالات کا (D) خطوط کا

15۔ "لفظ کیوں کر بنتے ہیں" مضمون کس نے لکھا ہے:

(A) علامہ راشد الخیری (B) برج موہن دتاتریہ کیفی نے

(C) عبد الحق نے (D) مہدی افادی نے

16۔ برج نارائن چکبست کی تاریخ وفات ہے:

(A) 19 جنوری 1882 (B) 12 فروری 1926

(C) 19 فروری 1926 (D) 12 فروری 1936

17۔ 1877 میں "اودھ پنچ نے زبان اور ظرافت کے چہرے سے نقاب اٹھائی" اودھ پنچ سے متعلق یہ بیان کس کا ہے:

(A) منشی سجاد حسین کا (B) پنڈت تربھون ناتھ ہجر کا

(C) برج نارائن چکبست کا (D) جوالا پرشاد برق کا

18۔ "فوجی" کا ذکر ذیل میں سے کس مضمون میں آیا ہے:

(A) اپنی مدد آپ میں (B) بہادروں کے کارنامے میں

(C) نمک کا داروغہ میں (D) لکھنؤ کی رئیسانہ زندگی کی ایک جھلک میں

19۔ "باغ و بہار" کے مصنف ہیں:

(A) ملا وجہی (B) شیر علی افسوس

(C) میر امن (D) رجب علی بیگ سرور

20۔ خواجہ حسن نظامی کا اصل نام ہے:

(A) ولی (B) علی

(C) حسن (D) نظام

21۔ احتشام حسین کا تعلق کس دبستانِ تنقید سے ہے:

(A) تاثراتی تنقید سے (B) نفسیاتی تنقید سے

(C) مارکسی تنقید سے (D) اسلوبیاتی تنقید سے

22۔ "بہادروں کے کارنامے" مضمون کے مصنف ہیں:

(A) خواجہ حسن نظامی (B) پنڈت رتن ناتھ سرشار

(C) علامہ شبلی نعمانی (D) پریم چند

23۔ "داغ کے یہاں آپ بیتی ہے حالی کے یہاں جگ بیتی ہے" یہ بیان کس مصنف کے کس مضمون سے ماخوذ ہے:

(A) حالی-غالب کی شاعری (B) حالی-آل احمد سرور

(C) شبلی-شاعری کیا ہے (D) سر سید-اپنی مدد آپ

24۔ "خلاصہ یہ ہے کہ اور لوگوں نے اول سے آخر تک قوم کی شاہراہ سے سر مو انحراف نہیں کیا اور جس چال سے اگلوں نے راہ طے کی تھی اسی چال سے راستہ طے کیا ہے" یہ بیان کس سبق سے ماخوذ ہے اور اس سبق کے مصنف کون ہیں:

(A) شاعری کیا ہے-شبلی (B) غالب کی شاعری-حالی

(C) فسانۂ آزاد-خورشید الاسلام (D) ایک خط-ابو الکلام آزاد

25۔ ”سنو صاحب، جس شخص کو جس شغل کا شوق ہو اور وہ اس میں بے تکلف عمر بسر کرے، اس کا نام عیش ہے“ غالب کا یہ قول کس کے نام لکھے گئے خط سے لیا گیا ہے:

(A) میر مہدی (B) علاالدین احمد خاں

(C) مرزا ہر گوپال تفتہ (D) میاں داد خاں سیاح

26۔ ڈرامے کو کسی عمل کی نقالی سے کس نے تعبیر کیا ہے:

(A) حالی نے (B) سر سید نے

(C) محمد حسین آزاد نے (D) ارسطو نے

27۔ کرشن چندر کی تصنیف ”دروازے کھول دو“ کا تعلق کس صنف ادب سے ہے:

(A) ڈرامے سے (B) ناول سے

(C) افسانے سے (D) داستان سے

28۔ مجلس میں رات اک ترے پرتوِ بغیر

کیا شمع کیا پتنگ ہر اک بے حضور تھا

یہ شعر کس کا ہے:

(A) غالب کا (B) میر تقی میر کا

(C) حالی (D) درد کا

29۔ اذیت مصیبت، ملامت بلائیں

ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا

یہ شعر کس کا ہے:

(A) درد کا (B) میر کا

(C) غالب کا (D) ناسخ کا

30۔ ہر صبح وہی صبح ہے ہر شام وہی شام

انسان پر ہے زور فقط انقلاب کا

مندرجہ بالا شعر کس کا ہے:

(A) درد کا (B) ناسخ کا

(C) آتش کا (D) فیض احمد فیض کا

31۔ مگر اس کو فریبِ نرگسِ مستانہ آتا ہے

الٹی ہیں صفیں، گردش میں جب پیمانہ آتا ہے

یہ شعر کس کا ہے:

(A) غالب کا (B) مومن کا

(C) آتش کا (D) ناسخ کا

32۔ "غزل" کس زبان کا لفظ ہے:

(A) عربی کا (B) فارسی کا

(C) ہندی کا (D) سندھی کا

33- "تشبیب" کا تعلق کس صنفِ سخت سے ہے:

(A) غزل سے
(B) مرثیے سے
(C) مثنوی سے
(D) قصیدے سے

34- مسدّ کسے کہتے ہیں:

(A) وہ نظم جس میں دو دو مصرعوں کے بند ہوں
(B) وہ نظم جس میں تین تین مصرعوں کے بند ہوں
(C) وہ نظم جس میں چھ چھ مصرعوں کے بند ہوں
(D) وہ نظم جس میں پانچ پانچ مصرعوں کے بند ہوں

35- "رجز" کا تعلق کس صنفِ سخن سے ہے:

(A) مثنوی سے
(B) قصیدے سے
(C) غزل سے
(D) مرثیے سے

36- جو آ کے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا

جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

مندرجہ بالا شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے:

(A) تشبیہ کا
(B) استعارے کا
(C) مجازِ مرسل کا
(D) تضاد کا

37۔ خط بڑھا، زلفیں بڑھیں، کاکل بڑھے گیسو بڑھے

حسن کی سرکار میں جتنے بڑھے ہندو بڑھے

مندرجہ بالا شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے:

(A) تضاد کا (B) مراعات النظیر کا

(C) ایہام کا (D) لف و نشر کا

38۔ پوچھتے ہیں وہ کہ غالب کون ہے

کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا

اس شعر میں کون سی صنعت ہے:

(A) لف و نشر (B) مراعات النظیر

(C) تجاہل عارفانہ (D) تشبیہ

39۔ میر تقی میر کا انتقال کب ہوا:

(A) 1810 میں (B) 1811 میں

(C) 1812 میں (D) 1813 میں

40۔ درد کا تعلق کس دبستانِ شاعری سے ہے:

(A) لکھنؤ سے (B) رام پور سے

(C) دہلی سے (D) عظیم آباد سے

41۔ نظیر اکبر آبادی کس شہر میں پیدا ہوئے:

(A) دہلی میں (B) لکھنؤ میں

(C) اکبر آباد میں (D) فیض آباد میں

42۔ "مفلسی" نظم کس نے لکھی ہے:

(A) حالی نے (B) اکبر الہ آبادی نے

(C) جوش نے (D) نظیر اکبر آبادی نے

43۔ "مسدس مدوجزر اسلام" کے مصنف ہیں:

(A) خواجہ الطاف حسین حالی (B) اکبر الہ آبادی

(C) علامہ اقبال (D) جوش ملیح آبادی

44۔ برتر از اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی

ہے کبھی جاں اور کبھی تسلیم جاں ہے زندگی

مندرجہ بالا شعر کس نظم سے لیا گیا ہے:

(A) کسان سے (B) خضر راہ سے

(C) برقِ کلیسا سے (D) چلنے کی فکر کرو بابا سے

45۔ واہ واہ کیا معتدل ہے باغ عالم کی ہوا

مثلِ نبضِ صاحبِ صحت ہے ہر موجِ صبا

یہ شعر کس کا ہے:

(A) سودا کا (B) موم کا

(C) ذوق کا (D) غالب کا

46۔ ذوق کب اور کہاں پیدا ہوئے:

(A) 1789 دہلی

(B) 1889، لکھنؤ

(C) 1779 دہلی

(D) 1769 دہلی

47۔ "نجم الدولہ"، "دبیر الملک"، "نظام جنگ" کس شاعر کے شاہی خطاب ہیں:

(A) اکبر الہ آبادی کے

(B) علامہ اقبال کے

(C) مرزا اسد اللہ خاں غالب کے

(D) خواجہ الطاف حسین حالی کے

48۔ مومن کا نام کیا تھا:

(A) مومن علی

(B) مومن حسین

(C) مومن احمد

(D) محمد مومن خاں

49۔ ناسخ کا انتقال کب اور کہاں ہوا:

(A) 1837 لکھنؤ

(B) 1838 لکھنؤ

(C) 1838 فیض آباد

(D) 1839 الہ آباد

50۔ خواجہ حیدر علی آتش کہاں پیدا ہوئے:

(A) لکھنؤ میں

(B) دہلی میں

(C) فیض آباد میں

(D) رام پور میں

51۔ میر انیس کا نام تھا:

(A) میر انیس خاں (B) میر ببر علی

(C) میر شیر علی (D) میر اسد علی

52۔ لفظ بھی چست ہوں مضمون بھی عالی ہوئے

مرثیہ درد کی باتوں سے نہ خالی ہوئے

مندرجہ بالا شعر کس کا ہے:

(A) میر خلیق کا (B) میر ضمیرن کا

(C) میر انیس کا (D) مرزا دبیر کا

53۔ "ضدی" ناول کس نے لکھا ہے:

(A) عصمت چغتائی نے (B) قرۃ العین حیدر نے

(C) کرشن چندر نے (D) پریم چند نے

54۔ معرّیٰ نظم کسے کہتے ہیں:

(A) جس میں وزن و قافیے کی پابندی ہو

(B) جس میں مصرعے مساوی الوزن ہوں مگر قافیہ نہ ہو

(C) جس میں نہ تو مصرعے مساوی الوزن ہوں نہ قافیہ ہو

(D) جس میں نہ وزن ہو نہ قافیہ

55۔ آزاد نظم کسے کہتے ہیں:

(A) جس میں وزن وقافیے کی پابندی ہو

(B) جس میں مصرعے مساوی الوزن ہوں مگر قافیہ نہ ہو

(C) جس میں نہ مصرعے مساوی الوزن ہوں نہ قافیہ ہو

(D) جس کے ہر مصرعے میں قافیے کی پابندی ہو

56۔ آزاد نظم کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں:

(A) بلینک ورس (B) فری ورس

(C) پروز پوئٹری (D) پوئٹری فری

57۔ "برکھارُت"، "نشاطِ امید"، "حبِ وطن" اور "مناظرۂ رحم و انصاف" کس شاعر کی نظمیں ہیں:

(A) محمد حسین آزاد کی (B) الطاف حسین حالی کی

(C) علامہ شبلی نعمانی کی (D) اکبر الہ آبادی کی

58۔ "مولوی نذیر احمد کی کہانی، کچھ ان کی کچھ میری زبانی" کس کی تصنیف ہے:

(A) مولوی عبدالحق کی (B) رشید احمد صدیقی کی

(C) مرزا فرحت اللہ بیگ کی (D) پطرس بخاری کی

59۔ "کیا خوب آدمی تھا" کے نام سے لکھا گیا خاکوں کا مجموعہ کس کی تصنیف ہے:

(A) مولوی عبدالحق (B) فرحت اللہ بیگ کی

(C) ڈاکٹر سید عابد حسین کی (D) رشید احمد صدیقی کی

60۔ "چند ہم عصر" کس کی تصنیف ہے:

(A) منٹو کی (B) عصمت چغتائی کی

(C) رشید احمد صدیقی (D) مولوی عبدالحق کی

61۔ عظیم بیگ چغتائی کا خاکہ "دوزخی" کے نام سے لکھا ہے:

(A) فہیم بیگ چغتائی نے (B) رشید احمد صدیقی نے

(C) عصمت چغتائی نے (D) منٹو نے

62۔ "گنجے فرشتے" کس کی تصنیف ہے:

(A) سعادت حسن منٹو کی (B) کرشن چندر کی

(C) عصمت چغتائی کی (D) ڈاکٹر اعجاز حسین کی

63۔ "ارہر کا کھیت" کس کا لکھا ہوا انشائیہ ہے:

(A) محمد حسین آزاد کا (B) ملا رموزی کا

(C) پطرس بخاری کا (D) رشید احمد صدیقی کا

64۔ انشائیہ ''کتے'' کے مصنف ہیں:

(A) مرزا فرحت اللہ بیگ (B) حسن نظامی

(C) پطرس بخاری (D) عبدالحلیم شرر

65۔ ''جھینگر کا جنازہ'' کس کا لکھا ہوا انشائیہ ہے:

(A) احمد کمال پاشا (B) مجتبیٰ حسین

(C) کنہیا لال کپور (D) حسن نظامی

66۔ ''اپنے وطن میں'' انشائیہ کس نے لکھا ہے:

(A) فلک پیمانے (B) حاجی لق لق نے

(C) کنہیا لال کپور نے (D) رام لال نابھوی

67۔ ''اردو کی آخری کتاب'' کس کی تصنیف ہے:

(A) محمد حسین آزاد کی (B) سر سید کی

(C) ابن انشا کی (D) حالی کی

68۔ فیض احمد فیض کی نظم ''تنہائی'' کی پیروڈی کنہیا لال کپور نے کس نام سے لکھی:

(A) اکیلاپن (B) شب ہجر

(C) لگائی (D) سلائی

69۔ مراسلے کو مکالمہ کس نے بنایا:

(A) رجب علی بیگ سرور (B) غلام غوث بے خبر نے

(C) غالب نے (D) امام بخش صہبائی نے

70۔ محمد حسین آزاد کے خطوط کا مجموعہ کس نام سے شائع ہوا:

(A) غبار خاطر (B) نقوش زنداں

(C) من آنم (D) مکتوبات آزاد

71۔ "غبارِ خاطر" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے:

(A) محمد حسین آزاد کا (B) ابوالکلام آزاد کا

(C) مرزا غالب کا (D) سر سید احمد خاں کا

72۔ "صلیبیں میرے دریچے میں" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے:

(A) سجاد ظہیر (B) چودھری محمد علی ردولوی

(C) فیض احمد فیض (D) فراق گورکھپوری

73۔ "من آنم" کس کے خطوط کا مجموعہ ہے:

(A) فیض احمدِ فیض (B) سجاد ظہیر

(C) فراق گورکھپوری (D) مالک رام

74۔ سجاد ظہیر کا لکھا ہوا رپورتاژ "یادیں" کب شائع ہوا:

(A) 1930 میں (B) 1940 میں

(C) 1938 میں (D) 1942 میں

75۔ حیدر آباد کی کانفرنس پر مبنی کرشن چندر کے رپورتاژ کا نام ہے:

(A) پودے (B) صبح ہوتی ہے

(C) لاہور سے بہرام گلی تک (D) ان داتا

76۔ قرۃ العین حیدر نے روئداد لکھی:

(A) پودے (B) یادیں

(C) ان داتا (D) ستمبر کا چاند

77۔ "بمبئی سے بھوپال تک" کس کا لکھا ہوا رپورتاژ ہے:

(A) سید سجاد ظہیر (B) کرشن چندر

(C) قرۃ العین حیدر (D) عصمت چغتائی

78۔ "حیاتِ سعدی" کے مصنف ہیں:

(A) الطاف حسین حالی (B) شبلی نعمانی

(C) سر سید احمد خاں (D) مولوی ذکاء اللہ

79۔ "الفاروق" کے مصنف ہیں:

(A) الطاف حسین حالی (B) علامہ شبلی نعمانی

(C) سر سید احمد خاں (D) مولوی عبدالحق

80۔ "گنج ہائے گراں مایہ" کس کی تصنیف ہے:

(A) الطاف حسین حالی (B) سر سید احمد خاں کی

(C) سر سید احمد صدیقی (D) مولوی عبدالحق

81۔ "حیات شبلی" کے مصنف ہیں:

(A) الطاف حسین حالی (B) مولوی ذکاءاللہ

(C) شیخ چاند (D) سید سلیمان ندوی

82۔ "اقبال کامل" کس کی تصنیف ہے:

(A) آل احمد سرور کی (B) سید سلیمان ندوی کی

(C) مولانا عبدالسلام ندوی کی (D) مولانا ابوالحسن علی ندوی کی

83۔ "قطب مشتری" کے مصنف ہیں:

(A) ابنِ نشاطی (B) ملاوجہی

(C) طبعی (D) غواصی

84۔ ”پھول بن“ کس کی تصنیف ہے:

(A) نصرتی کی (B) ولی کی

(C) سراج اورنگ آبادی کی (D) ابن نشاطی کی

85۔ کس شاعر کو اردو شاعری کا بابا آدم کہا گیا ہے:

(A) میر تقی میر کو (B) خان آرزو کو

(C) حاتم کو (D) ولی دکنی کو

86۔ مندرجہ ذیل شعرا میں سے کون سا شاعر ایہام گوئی کی تحریک کا حصہ تھا:

(A) انشاء اللہ احسان انشاؔ (B) اختر شیرانی

(C) محمد شاکر ناجی (D) شیخ محمد ابراہیم ذوق

87۔ حاتم نے ایہام گوئی کے رجحان سے انحراف کرتے ہوئے اپنا دیوان منتخب کر کے کس نام سے شائع کیا:

(A) دیوانِ ظہور الدین حاتم (B) دیوانِ حاتم

(C) دیوان زادہ (D) انتخابِ دیوان

88۔ سوداؔ نے سب سے زیادہ کمال کس صنف میں دکھایا:

(A) مثنوی میں (B) رباعی میں

(C) مرثیے میں (D) قصیدے میں

89۔ مثنوی "خواب وخیال" کے مصنف ہیں:

(A) میر سوز (B) خواجہ میر درد

(C) خواجہ میر اثر (D) مرزا غالب

90۔ مثنوی "سحر البیان" کے مصنف ہیں:

(A) میر تقی میر (B) میر اثر

(C) مرزا شوق (D) میر حسن

91۔ "دریائے لطافت" کس کی تصنیف ہے:

(A) انشاء خاں انشا کی (B) مرزا غالب کی

(C) مولوی عبدالحق (D) امام بخش صہبائی کی

92۔ شیفتہ کا تعلق کس دبستان سے ہے:

(A) دبستان لکھنؤ سے (B) دبستان دلی سے

(C) دبستانِ رام پور سے (D) دبستان عظیم آباد سے

93۔ مرزا سلامت علی دبیر کس حیثیت سے مشہور ہیں:

(A) بحیثیت غزل گو (B) بحیثیت مثنوی نگار

(C) دبستانِ رام پور سے (D) بحیثیت نظم نگار

94۔ مثنوی "گلزارِ نسیم" کے مصنف ہیں:

(A) پنڈت دیاشنکر نسیم (B) میر حسن

(C) مرزا شوق لکھنوی (D) اختر الایمان

95۔ میر امن نے "اخلاقِ محسنی" کا ترجمہ کس نام سے کیا:

(A) گنجِ خوبی (B) گنجِ شائگاں

(C) گنجینۂ خوبی (D) گنجِ گراں بہا

96۔ میر شیر علی افسوس نے "گلستانِ سعودی" کا اردو ترجمہ کس نام سے کیا:

(A) گلستانِ افسوس (B) گلستانِ اردو

(C) ترجمہ گلستان (D) باغِ اردو

97۔ میر بہادر علی حسینی نے اس قصے کو جس پر مثنوی "سحر البیان" کی بنیاد پر ہے، اردو نثر میں کس نام سے لکھا:

(A) قصہ سحر البیان (B) قصہ بدر منیر

(C) نثرِ بے نظیر (D) قصۂ بے نظیر

98۔ "تہذیب الاخلاق" رسالہ کس نے جاری کیا تھا:

(A) سر سید احمد خاں نے (B) الطاف حسین حالی نے

(C) شیخ عبد القادر نے (D) دیانرائن نگم نے

99۔ "مقدمہ شعر و شاعری" کے مصنف ہیں:

(A) مسعود حسین خاں

(B) مسعود حسن رضوی ادیب

(C) الطاف حسین حالی

(D) علامہ شبلی نعمانی

100۔ "آبِ حیات" کے مصنف کون ہیں:

(A) چراغ علی

(B) ذکاءاللہ

(C) رام بابو سکسینہ

(D) محمد حسین آزاد

*****

ROUGH WORK